Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 | جمعرات، 22 ستمبر 2022ء، 25 صفر 1444ھ، 8 اسوج 2079 بم، قیمت 20 روپے | شمارہ 142

سنکیانگ چین اور ہمسایہ ممالک کے درمیان معاشی ہم آہنگی کیلئے تیار ہے، وزیراعظم شہباز شریف

وزیراعظم کی سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی کام تیز کرنیکی ہدایت

چائنا۔ یوریشیا ایکسپو چین کی کامیابی کے ماڈل کو سمجھنے اور سیکھنے کا قیمتی موقع بھی ہے' شہباز شریف' چین مختلف ممالک کیساتھ مل کر یوریشیا تعاون کے شعبے کو وسعت دینے، معیار کو بلند کرنے اور مشترکہ ترقی وخوشحالی کو فروغ دینے کا خواہاں ہے، چینی صدر

متاثرہ علاقوں میں امداد کی ترسیل میں تیزی لائی جائے، 70 فیصد فنڈ سندھ اور 30 فیصد بلوچستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں لگائے جائیں، آن لائن اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کام تیز کرنے کی ہدایت جاری کر دیں۔ وزیراعظم کی زیرصدارت سیلاب زدگان کی صورتحال پر آن لائن اجلاس کے دوران وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے وزیراعظم کو ریل کی پٹریوں کی بحالی سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں امداد کی ترسیل میں تیزی لائی جائے، 70 فیصد فنڈ سندھ اور 30 فیصد بلوچستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں لگائے جائیں۔ وزیراعظم نے ہدایات جاری کیں کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں میں تیزی لائی جائے۔ واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اس وقت اقوام متحدہ کے 77ویں جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کیلئے امریکی شہر نیویارک میں موجود ہیں جہاں وہ 23 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ دریں اثناء بیجنگ (این این آئی) ساتویں چائنا یوریشیا ایکسپو چین کے سنکیانگ ویغور خود اختیار علاقے کے صدر مقام ارمچی میں شروع ہوگئی۔ بدھ کے روز چینی میڈیا کے مطابق چین اور یوریشیائی ممالک کے تبادلوں وتعاون کے اہم پلیٹ فارم کی حیثیت سے یہ ایکسپو شاہراہ ریشم کی اقتصادی پٹی کے کلیدی علاقے کی تشکیل کیلئے سنکیانگ کی ایک اور اہم سرگرمی ہے جو اعلیٰ (بقیہ نمبر 27)

ایک تقریر سب پر بھاری ہوگئی، شیخ رشید احمد

آج 70 وزرا 2 کے اضافے کے بعد تعداد میں 72 ہوگئے ہیں، سربراہ عوامی مسلم لیگ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ایک تقریر سب پر بھاری ہوگئی ہے۔ وقت آنے پر صوبائی اسمبلیاں توڑی جاسکتی ہیں۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری (بقیہ نمبر 24)

عمران خان کی پارٹی رہنماؤں کو لانگ مارچ کیلئے اہم ہدایت

پی ٹی آئی کے متوقع لانگ مارچ کیلئے پارٹی رہنماؤں اور ضلعی تنظیموں سے پیسہ مانگ لیا گیا

اسلام آباد (چیف رپورٹر) تحریک انصاف نے متوقع لانگ مارچ کیلئے چندہ مہم شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے متوقع لانگ مارچ کے لیے پارٹی رہنماؤں اور ضلعی تنظیموں سے پیسہ مانگ لیا گیا ہے، (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد پی ٹی آئی کا ممکنہ لانگ مارچ ریڈ زون سیل

اسلام آباد پولیس نے صوبوں سے بھی پولیس، رینجرز اور ایف سی کے تیس ہزار اہلکار مانگ لیے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد میں کنٹینرز لگا کر ریڈ زون کو سیل کر دیا گیا ہے۔ اسلام آباد پولیس نے صوبوں سے بھی پولیس، رینجرز اور ایف سی کے (بقیہ نمبر 26)

شیروں کی فوج ہو لیکن ان کا سردار گیدڑ ہو تو وہ ہار جائیگی' سابق وزیراعظم

ہفتے سے میری تحریک شروع ہو رہی ہے، عمران خان

جس وزیراعظم پر اربوں کی کرپشن کے کیسز ہیں وہ ایک سزا یافتہ، مفرور، جھوٹے سے ملک کی نیشنل سکیورٹی کے سب سے اہم عہدے کیلئے مشاورت کر رہا ہے

وکلاء پر بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے وہ ملک میں قانون کی بالا دستی کیلئے کھڑے ہوں، جو دھمکیاں دے اس کو واپس دھمکی دو، سابق وزیراعظم

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ ہفتے سے میری تحریک شروع ہو رہی ہے اور وکلاء نے ملک کی حقیقی آزادی کے لئے میرے ساتھ نکلنا ہے، شیروں کی فوج ہو لیکن ان کا سردار گیدڑ ہو تو وہ ہار جائے گی، جس وزیراعظم پر اربوں روپے کی کرپشن کے کیسز ہیں وہ ایک سزا یافتہ، مفرور، جھوٹے اور جس نے ملک سے اربوں روپے لوٹ رکھے ہیں اس سے ملک کی نیشنل سکیورٹی کے سب سے (بقیہ نمبر 28)

نیویارک' پاکستانی وزیراعظم میاں شہباز شریف سے امریکہ کے ماحولیاتی وزیر جان کیری ملاقات کرتے ہوئے

مائنس کرنے والے خود ہی مائنس ہو رہے ہیں، بابر اعوان

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء اور ماہر قانون بابر اعوان نے کہا ہے کہ سارا ڈیزائن ہے کہ مائنس ون کیا جائے جو نہیں ہونا، مائنس کرنے والے خود ہی مائنس ہو رہے ہیں، الیکشن (بقیہ نمبر 40)

پی ٹی آئی ارکان اسمبلی کے استعفوں کی منظوری کی درخواستیں خارج

سپریم کورٹ نے استعفوں کی منظوری کی درخواست غیر موثر ہونے پر خارج کردی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے ارکان اسمبلی کے استعفوں کی منظوری کی درخواستیں خارج کر دیں۔ تحریک انصاف کے ارکان اسمبلی کے استعفوں کی منظوری کی درخواستوں پر سماعت چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ میں ہوئی۔ یاد رہے کہ پی ٹی آئی کے ارکان (بقیہ نمبر 39)

اسحاق ڈار نے اشتہاری قرار دینے کیخلاف درخواست واپس لے لی

سپریم کورٹ نے اسحاق ڈار کی جانب سے واپس لینے کی بنیاد پر درخواست خارج کر دی

جس کے بعد اسحاق ڈار کو اشتہاری اور مفرور قرار دینے کا فیصلہ اپنی جگہ برقرار ہے

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے اشتہاری قرار دینے کے خلاف اپنی درخواست واپس لے لی۔ سپریم کورٹ نے اسحاق ڈار کی جانب سے واپس لینے کی بنیاد پر درخواست خارج کر دی، جس کے بعد اسحاق ڈار کو اشتہاری اور مفرور قرار دینے کا فیصلہ اپنی جگہ برقرار ہے۔ اسحاق ڈار کے وکیل سلمان بٹ سپریم کورٹ میں پیش ہوئے (بقیہ نمبر 41)



اسلام آباد' صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی ایک منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

عمران خان پر فرد جرم کل عائد ہوگی، سرکلر جاری سکیورٹی سخت

خاتون جج کو دھمکی دینے پر توہین عدالت کیس میں عمران خان پر فرد جرم عائد کرنیکی سماعت کے سلسلے میں سرکلر جاری کردیا گیا

سرکلر کے مطابق عمران خان کی لیگل ٹیم کے 15 وکلا کمرہ عدالت میں موجود ہوسکیں گے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) خاتون جج کو دھمکی دینے پر توہین عدالت کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان پر فرد جرم عائد کرنے کی ساعت کے سلسلے میں سرکلر جاری کردیا گیا ہے۔ عمران خان کی توہین عدالت کیس میں کل عدالت میں پیشی سے متعلق رجسٹرار اسلام آباد ہائی کورٹ نے ضابطہ اخلاق کا سرکلر جاری کردیا، جس کے مطابق لارجر بینچ کل 22 ستمبر کو دن ڈھائی بجے کیس کی سماعت کرے گا۔

پٹرول کی قیمت میں 1 روپیہ 45 پیسے کا اضافہ

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وزارت خزانہ کی جانب سے ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کے بعد پٹرول فی لیٹر 1 روپیہ 45 پیسے مہنگا ہوگیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق پٹرول کی قیمت میں 1 روپیہ 45 پیسے اضافے کے بعد نئی قیمت 237 روپے 43 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔ وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ ڈیزل کی قیمت میں کوئی ردوبدل نہیں کیا گیا ہے

چیئرپرسن پنجاب احساس پروگرام ڈاکٹر ثانیہ نشتر کی زیرصدارت اجلاس

سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی اور احساس راشن رعایت پروگرام کا جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن پنجاب احساس پروگرام ڈاکٹر ثانیہ نشتر کی زیرصدارت اجلاس میں سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی اور احساس راشن رعایت پروگرام کا جائزہ لیا گیا۔

نوجوانوں کو جدید تعلیم اور سائنسی علوم سکھانے کی ضرورت ہے

ترقی یافتہ قومیں اپنی زبان پر فخر کرتی ہیں' صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے علوم کے فروغ اور نوجوانوں کو جدید تعلیم اور سائنسی علوم سکھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کے نتیجے میں نہ صرف ملک کو ترقی یافتہ بنانے میں مدد ملے گی بلکہ تعلیم کے شعبے میں نمایاں بہتری آئے گی۔

پاک امریکا باضابطہ مذاکرات کا آغاز آئندہ ہفتے ہوگا

اسلام آباد اور واشنگٹن میں پہلے سے موجود تلخی اور سرد مہری کے باعث تناؤ کی جو صورتحال پیدا ہوئی تھی

ابتدائی طور پر اسلام آباد اور واشنگٹن کے درمیان یہ مذاکرات وزرائے خارجہ کی سطح پر ہوں گے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستان اور امریکہ کے درمیان باضابطہ مذاکرات کا آغاز آئندہ ہفتے واشنگٹن میں ہو رہا ہے۔ اسلام آباد اور واشنگٹن میں پہلے سے موجود تلخی اور سرد مہری کے باعث تناؤ کی جو صورتحال پیدا ہوئی تھی پاکستان میں نئی حکومت کے قیام کے بعد بتدریج اس میں تبدیلی آرہی ہے اور تعلقات کو معمول پر لانے کیلئے دونوں طرف سے مثبت سوچ کے ساتھ پیش رفت جاری ہے جس کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان پہلی مرتبہ مذاکراتی عمل کا آغاز ہو رہا ہے۔ ابتدائی طور پر اسلام آباد اور واشنگٹن کے درمیان یہ مذاکرات (بقیہ نمبر 29)

اسد عمر کیخلاف الیکشن کمیشن کو حتمی فیصلہ کرنے سے روکنے کے حکم امتناع میں توسیع

سندھ ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو جواب کے لیے مہلت دیدی

کراچی (اے ایف پی) سندھ ہائی کورٹ نے اسد عمر کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کے نوٹس پر الیکشن کمیشن کو حتمی فیصلہ کرنے سے روکنے کے حکم امتناع میں توسیع کردی۔

لاہور' چیئرپرسن پنجاب احساس پروگرام ڈاکٹر ثانیہ نشتر اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کراچی' مولانا طاہر محمود اشرفی ایک منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

فرانس کا پاکستان کی امداد کیلئے اسی سال عالمی کانفرنس بلانے کا فیصلہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) سیلاب متاثرین کی بحالی اور تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی تعمیر نو کیلئے بڑی پیشرفت، پاکستان کی امداد کیلئے فرانس اسی سال عالمی کانفرنس کا انعقاد کرے گا۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کے 77ویں جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور فرانس کے (بقیہ نمبر 35)

پاکستان کو زیادہ امداد کی ضرورت ہے: ڈیرک شولے

ورلڈ بینک پاکستان کی معیشت کو پہنچنے والے نقصان اور امداد کا تخمینہ لگائے گا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی وزارت خارجہ کے قونصلر ڈیرک شولے کا کہنا ہے کہ پاکستان کو اقوام متحدہ کی جانب سے اپیل کی گئی امداد سے کہیں زیادہ کی ضرورت ہوگی۔ واشنگٹن میں امریکی وزارت خارجہ کے قونصلر ڈیرک شولے نے (بقیہ نمبر 34)

مسلم لیگ ن نے شہباز گل کو قانونی نوٹس بھجوا دیا

ہمارے وکلا نے شاہد خاقان عباسی پر بھارتی کمپنی کو فنڈنگ دینے کا الزام عائد کرنے پر شہباز گل کو قانونی نوٹس بھجوادیا ہے

ہم ان کا ہر جھوٹ ان کے منہ پر ماریں گے اور ان کو عدالتوں میں لایا جائے گا' رانا مشہود کی پریس کانفرنس

لاہور (ہادی حسین) پاکستان مسلم لیگ ن نے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی پر بھارتی کمپنی کو فنڈنگ دینے کے الزام میں پی ٹی آئی رہنما شہباز گل کو قانونی نوٹس بھجوادیا۔ لاہور میں مسلم لیگ ن کے رہنما رانا مشہود سمیت دیگر رہنماؤں نے ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے وکلا نے شاہد خاقان عباسی پر بھارتی کمپنی کو فنڈنگ دینے کا الزام عائد کرنے پر (بقیہ نمبر 42)

معیشت کی بحالی کا مکمل روڈ میپ تیار کرینگے، عمران خان

ملک کو معاشی تباہی کی دلدل سے نکالنے کا واحد رستہ صاف شفاف فوری انتخابات ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ معیشت کی بحالی کا مکمل روڈ میپ تیار کرینگے، ملک کو معاشی تباہی کی دلدل سے نکالنے کا واحد رستہ صاف شفاف فوری انتخابات ہے۔ چیئرمین (بقیہ نمبر 30)

پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان اہل یا نااہل، فیصلہ اوائل اکتوبر

اس فیصلے کا اعلان اکتوبر 2022 کے پہلے ہفتے میں ہونے کا قوی امکان ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) توشہ خانہ ریفرنس جو 4 اگست 2022 کو اسپیکر قومی اسمبلی آف پاکستان نے تمام قانونی آئینی ماہرین کی مشاورت کے بعد الیکشن (بقیہ نمبر 31)

گزشتہ 4 برسوں میں ہمارا ترقیاتی بجٹ کا حجم سکڑ گیا

سال 2013 میں 340 ارب کا ترقیاتی بجٹ تھا، 2018 میں جب مسلم لیگ ن کی حکومت ختم ہوئی تو بجٹ 1000 ارب چھوڑا تھا

مسلم لیگ ن کی حکومت ختم ہونے کے بعد ترقیاتی بجٹ بڑھنے کی بجائے کم ہوگیا' وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کا کہنا ہے کہ گزشتہ 4 برسوں کے دوران ہمارا ترقیاتی بجٹ کا حجم سکڑ گیا ہے۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ سال 2013 میں 340 ارب کا ترقیاتی بجٹ تھا، 2018 میں جب مسلم لیگ ن کی حکومت ختم ہوئی تو بجٹ 1000 ارب چھوڑا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی (بقیہ نمبر 36)

لاہور' مسلم لیگ (ض) اعجاز الحق' مشیر وزیراعلیٰ پنجاب سید رفاقت علی گیلانی ودیگر اوورسیز پاکستانیز کمیشن کا دورہ کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف نے دو مزید معاونین خصوصی کا تقرر کردیا

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وفاقی کابینہ میں معاونین خصوصی کی لوٹ سیل جاری، وزیراعظم شہباز شریف نے دو مزید معاونین خصوصی کا تقرر کردیا۔ نئے معاونین خصوصی میں سردار شاہ جہاں یوسف اور نعمان لنگڑیال شامل ہیں۔

سیلاب متاثرین کیلئے امدادی اپیل پر ایک تہائی سے کم فنڈ جمع ہونے پر یونیسیف مایوس

اسلام آباد (چیف رپورٹر) اقوام متحدہ کے بچوں کے فنڈ (یونیسیف) نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا ہے کہ پاکستان کے سیلاب زدہ بچوں کے لیے اس کی 3 کروڑ 90 لاکھ ڈالر فنڈنگ کی اپیل پر جمع ہونے (بقیہ نمبر 45)

ٹی وی پر ملنے والی خبروں پر چلوں تو میری زندگی ختم ہوجائیگی

میثاق معیشت کی بات الیکشن سمیت جامع تناظر میں کی' شوکت ترین

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ ٹی وی پر ملنے والی خبروں پر چلوں تو میری زندگی ختم ہو جائے گی، میثاق معیشت کی (بقیہ نمبر 43)

لاہور' مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما رانا مشہود احمد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سیلاب نے بستیوں کی بستیاں اجاڑ دیں، متاثرین مشکلات کا شکار، مسیحا کے منتظر

اسلام آباد (چیف رپورٹر) سیلاب نے بستیوں کی بستیاں اجاڑ دیں، متاثرہ علاقوں میں ہر جگہ صرف تباہی ہی تباہی، لاکھوں گھر بہہ گئے' سڑکیں کھنڈر، کھڑی فصلیں نیست و نابود، اکثر مقامات پر تاحال کئی فٹ پانی موجود ہے،

ٹرانس جینڈر قانون صریحاً قرآن وسنت اور شعائر اسلام کیخلاف ہے

دینی جماعتیں، قرآن وسنت سے انحراف کے کسی بھی اقدام کیساتھ سمجھوتہ نہ کریں، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (اے ایف بی) نائب امیر جماعت اسلامی و سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان اسلامی نظریاتی اور قرآن وسنت کے احکامات کے مطابق ریاستی معاملات چلانے کے لیے ہی مملکت خداداد ہے۔ ہر دور کے فوجی اور سیاسی حکمران آئین، قرآن وسنت اور قیام پاکستان کے مقاصد سے انحراف کرتے ہیں۔

سیلاب، پاک فضائیہ کی ریسکیو، ریلیف اور بحالی کی کارروائیاں جاری

پاک فضائیہ کے میڈیکل لیب کلیکشن پوائنٹس فوری طور پر سیلاب متاثرین میں پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی شناخت اور تشخیص کر رہے ہیں

پاک فضائیہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی کے لیے اور طبی امداد کے فراہمی میں مکمل تعاون فراہم کر رہی ہے

پاک فضائیہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی کے لیے اور طبی امداد کے فراہمی میں مکمل تعاون فراہم کر رہی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ کی جانب سے خیبر پختونخواہ، سندھ، بلوچستان اور جنوبی پنجاب کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو، ریلیف اور بحالی کی کارروائیاں جاری ہیں۔ پاک فضائیہ کے اہلکار سیلاب زدگان کی بہبود، خوراک، رہائش، پینے کے پانی، طبی امداد اور بنیادی ضروریات کی بروقت فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔ پاک فضائیہ کے میڈیکل لیب کلیکشن پوائنٹس فوری طور پر سیلاب متاثرین میں پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی شناخت اور تشخیص کر رہے ہیں، جس کے بعد انہیں مفت طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاک فضائیہ نے 18,458 (بقیہ نمبر 44)

الیکشن کمیشن کو عمران خان اور فواد چودھری کیخلاف کارروائی سے روک دیا گیا، نوٹس معطل

لاہور (اے ایف بی) لاہور ہائی کورٹ کے راولپنڈی بینچ نے عمران خان اور فواد چودھری کو الیکشن کمیشن کے نوٹس معطل کرتے ہوئے دونوں کے خلاف کارروائی سے روک دیا گیا۔ عدالت نے 29 ستمبر کو الیکشن (بقیہ نمبر 32)

وزیراعظم سے امریکی نمائندہ خصوصی برائے ماحولیاتی تبدیلی جان کیری کی ملاقات

نیویارک (اے ایف بی): وزیراعظم شہباز شریف سے امریکی نمائندہ خصوصی برائے ماحولیاتی تبدیلی جان کیری نے نیویارک میں ملاقات کی ہے۔ وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 33)

غیر ملکی عازمین عمرہ کے لیے خصوصی پلیٹ فارم کا اجرا

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی وزارت حج وعمرہ نے غیر ملکی زائرین کیلئے خصوصی پلیٹ فارم کا اجرا کیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق بیرون ممالک سے آنے والے عازمین عمرہ کے ویزوں کو الیکٹرانک پلیٹ فارم "مقام" کے ذریعے عمرہ پیکیج کا انتخاب (بقیہ نمبر 37)

ڈپٹی کمشنر عمران حامد کا طالبعلم کو ایک دن کا ڈپٹی کمشنر بنانے کا اعلان

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عمران حامد شیخ نے تعلیمی اور سپورٹس سرگرمیوں میں ٹاپ پرفارمنس کے حامل طالبعلم کو ایک دن کا ڈپٹی کمشنر بنانے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے یہ اعلان اقبال سٹیڈیم میں ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اور کہا کہ اس اقدام کا فیصلہ عمدہ کارکردگی کے حامل طالب علم کی حوصلہ افزائی کیلئے اٹھایا گیا

مبینہ آڈیو لیک، شوکت ترین ایف آئی اے میں پیش نہ ہوئے

پیش نہ ہونیکی صورت میں شوکت ترین کیخلاف دفعہ 174 کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائیگی

اسلام آباد (اے ایف بی) مبینہ آڈیو لیک کی تحقیقات کے معاملہ پر طلب کرنے کے باوجود سابق وزیر خزانہ سینیٹر شوکت فیاض احمد ترین، وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) کے سامنے پیش نہ ہوئے۔ ایف آئی اے نے شوکت ترین کو طلبی کا ایک نوٹس جاری کردیا ہے۔ ایف آئی اے نے شوکت ترین کو آج (جمعرات) کے (بقیہ نمبر 38)

پاکستان مردہ باد کہنے والے افغانیوں کو یہاں رہنے کا حق نہیں' نور عالم خان

یو این سے افغان شہریوں کو کیمپس میں رکھنے کا کیوں نہیں کہا گیا؟

اسلام آباد (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اور اراکین افغان شہریوں کی پاکستان میں غیر قانونی موجودگی پر پھٹ پڑے اور کہا ہے کہ افغان پاکستان میں رہتے ہوئے پاکستان کیلئے مردہ باد کا نعرہ لگاتے ہیں ان کو یہاں رہنے کا حق نہیں۔

اسلام آباد' وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

عمران خان کے خلاف کیس میں دہشت گردی کی دفعات کا خاتمہ

اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز پر مشتمل ڈویژن بنچ نے سابق وزیر اعظم اور چیئرمین پاکستان تحریکِ انصاف عمران خان کی دہشت گردی مقدمہ کے اخراج کے لیے دائر درخواست میں دہشت گردی کی دفعات ختم کرنے کا حکم دے دیا ہے اور قرار دیا ہے کہ مقدمہ دیگر دفعات کے تحت انسدادِ دہشت گردی کی عدالت سے منتقل کیا جائے، انسداد دہشت گردی کے سوا دیگر دفعات کے تحت مقدمہ چلے گا۔

اسلام آباد ہائیکورٹ کے ڈویژن بنچ کی طرف سے عمران خان کے خلاف دائر دہشت گردی کے مقدمہ میں شامل دفعات ختم کرنے کا فیصلہ اس لحاظ سے خوش آئند اور حوصلہ افزاء ہے کہ اس فیصلے سے اس روش اور چلن پر زد پڑے گی جس میں اس قسم کے قوانین کا سہارا لے کر مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ سابق صدر جنرل پرویز مشرف کے دور میں بھی اس نوع کا قانون بنایا گیا تھا جس کی زد میں کوئی بھی شخص آ سکتا تھا۔ گزشتہ دنوں مسلم لیگ نواز کے مرکزی رہنماؤں جاوید لطیف اور مریم اورنگ زیب کے خلاف بھی لاہور کے تھانہ گرین ٹاؤن میں دہشت گردی کا مقدمہ درج کرایا گیا ہے جس میں ان پر مذہبی منافرت پھیلانے کا الزام لگایا گیا ہے۔ یہ سب درحقیقت انتقامی سوچ کا نتیجہ ہے۔ سیاست میں انتقامی سوچ اس نظام اور سماج ہی نہیں ملک و قوم کے لیے بھی نقصان دہ ہے۔ لہذا اس امر کی حوصلہ شکنی کی ضرورت ہے۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ فوجی آمریتوں میں تو اس نوع کے قوانین بنائے جاتے رہے ہیں لیکن سول حکومت کے دور میں بھی اسی قسم کے قوانین کا سہارا لیا جاتا رہا ہے جو بہر حال درست نہیں ہے۔ ضروری ہے کہ اس قسم کے قوانین پر نظر ثانی کی جائے۔ ہمارے منتخب نمائندے ایوان میں اس قانون کو زیر بحث لائیں اور اس میں اصلاح و ترمیم کر کے اس تاثر کو زائل کیا جائے کہ اس قانون کو انتقامی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ تاکہ کسی بھی شہری پر دہشت گرد ہونے کا بے بنیاد الزام نہ لگایا جا سکے۔

لیڈی ہیلتھ پروگرام کی افادیت



تحریر۔۔۔۔ ساجدہ حمید

پاکستان کی پہلی خاتون وزیرِ اعظم بینظیر بھٹو نے 1994 میں لیڈی ہیلتھ پروگرام کی بنیاد رکھی پاکستان کے صحت عامہ سے متعلق ابتر حالات کو دیکھتے ہوئے اس میں بہتری کے لیے اس پروگرام کو شروع کیا گیا۔ لیڈی ہیلتھ ورکرز کو مختلف پروگرام دیے گے جن کی وجہ سے پاکستان کو اندرونی اور بیرونی مسائل کا سامنا تھا جس میں خواتین کو فیملی پلاننگ میں آگاہی، مہلک امراض کے شکار مریضوں کو روز آنہ کی بنیاد پر ادویات فراہم کرنا اور صحت عامہ سے متعلق مشورے فراہم کرنا بھی ان کے فرائض میں شامل ہے جب کے پاکستان کو پولیو فری بنانے کے لیے بھی لیڈی ہیلتھ ورکرز کو ذمداری سونپی گئی جو کے وہ آج تک ایمانداری سے اپنے ملک سے محبت کا اظہار پولیو سے متعلق اپنی سروسز فراہم کر کے کر رہی ہیں لیڈی ہیلتھ ورکرز تندہی سے آج تک اپنے فرائض سر انجام دے رہی ہیں جب کے ہر گورنمنٹ میں ان ورکرز کو جگ ہرسائی کا سامنا کرنا پڑا۔ پولیو کی مہم کے دوران رجعت پسندانہ سوچ رکھنے والوں کی جانب سے ان ورکرز پر بے شمار ظلم کیے جاتے ہیں یہاں تک کے بہت سی ورکرز کو شہید کر دیا گیا یہ مختلف نوعیت کے مسائل میں بتلا رہیں جب ان کے برعکس ان کو کسی قسم کی سہولیات نہ دینا ظلم عظیم ہے ورکرز نے مربوط جدوجہد کا آغاز 2007 میں کیا پھر یہ جدوجہد اپنے حقوق کے کے حصول کے لیے اسلام آباد سپریم کورٹ کے سامنے ایک تحریق میں بدل گئی۔ تب کے چیف جسٹس افتخار چوہدری نے سوموٹو ایکشن کے تحت ورکرز کو سیول سرونٹس میں شامل کرنے کا آرڈر پاس کیا جب کے طویل کٹ حجتی کے بعد لیڈی ہیلتھ ورکرز کو پانچواں اسکیل جب کے لیڈی ہیلتھ سپروائزر کو ان کی تعلیم کی نفی کرتے ہوئے صرف ساتواں اسکیل دیا گیا بیشک لیڈی ہیلتھ ورکرز سے ترتیب اور وضع داری سے کام لینے کی وجہ سے لیڈی ہیلتھ سپروائزر حقیقی معنوں میں خراج تحسین کی حقدار ہیں سپروائزز نے اس تحریک کی شروعات میں ہی اپنی ہیلتھ ورکرز کے لیے قربانی دی اُن کو اُن کی تعلیم و معیار کے مطابق اسکیل فراہم نہ کیا گیا لیکن لیکن لیڈی ہیلتھ سپروائزر نے قربانی دیتے ہوئے اپنی ہیلتھ ورکرز کے حقوق کے لیے سرنم کر لیا اور اپنی قربانی دینے کو مشن بنا لیا جو کے آج تک دے رہی ہیں سیول سرونٹس میں شامل کرنے کے باوجود ابھی تک ہمیں ان کے مطابق سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں اب تک Devolution کے بعد بھی صوبائی حکمتوں کی جانب سے سرد مہری کا مظاہرہ کرتے ہوئے غیر منصفانہ رویہ اختیار کیا جا رہا ہے جب میں اپنی ورکرز کی جدوجہد کا سوچتی ہوں تو دل خون کے آنسو روتا ہے۔

شائد ملک سے محبت میں یہ خون کے آنسوؤں کی کوئی اہمیت نہیں۔ بدقسمتی ہے کے ہمارے ملک میں اپنے جائز حقوق کے لیے طویل اور بڑی جدوجہد کرنی پڑتی ہے پاکستانی معاشرے میں رہتے ہوئے عدم سہولیات کے باوجود عوام کو شعور دلانا بھی جہاد کے زمرے میں آتا ہے جو کے لیڈی ہیلتھ سپروائزر اپنی ورکرز کی مدد سے گزشتہ پچیس سالوں سے کر رہی ہیں لیڈی ہیلتھ سپروائزر کا پیٹرول بجٹ پانچ پانچ ماہ تک نہ دینا زیادتی ہے ہمارا حکومت وقت سے مطالبہ ہے کے سپروائزر کے لیے کار آمد پالیسیاں اختیار کی جائیں جو کے لیڈی ہیلتھ سپروائزر کے عزم اور جوش کو مزید مضبوط و مستحکم بنائیں پاکستان معاشرے کے ساتھ ساتھ گورنمنٹ کا ورکرز کے ساتھ غیر منصفانہ رویہ باعثِ تشویش ہے اب ہم مزید ظلم برداشت کرنے سے قاصر ہیں اور پولیو میں شہید ہونے والی ورکرز و سپروائزرز کو قومی شہید کا درجہ دیا جائے ان کے لواحقین کو معاوضہ فراہم کیا جانا چاہیے جیسا دیگر اداروں کے ملازمین کو دیا جاتا ہے پاکستانی ریاست سیکورٹی اسٹیٹ ہے جب تک سوشل ویلفیئر اسٹیٹ قائم نہیں ہوگی ہم سے جیسے کارکن قربانیاں دیتے رہیں گے میں ساجدہ حمید بطور چیرپرسن نیشنل ہیلتھ ایمپلائز ایسوسیشن اینڈ گرینڈ الائنس پنجاب حکومت وقت سے بہتری کی اُمید رکھتی ہوں۔

بچوں کے پیٹ میں کیڑے اور اس کا علاج

بچوں کے پیٹ کے کیڑے ان کی نشونما کو بری طرح متاثر کر سکتے ہیں، ان کے قد کا بڑھنا رک سکتا ہے یا پھر وزن میں اضافہ ہونا رک سکتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ بہت چڑچڑا ہو رہا ہو، بار بار بھوک لگتی ہو یا پھر اکثر پیٹ درد کی شکایت کرتا ہو تو یہ علامات آپ کے بچے کے پیٹ میں کیڑوں کی موجودگی کو ظاہر کر رہی ہیں۔ اس حوالے سے ماہرین طب نے بچوں کے پیٹ میں کیڑوں سے متعلق والدین کیلئے ضروری ہدایات دیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کیڑوں کی اقسام دو طرح کی ہوتی ہیں ایک وہ ہیں جو آنتوں میں چپک جاتے ہیں اور خون چوستے رہتے ہیں، اور دوسری قسم کے کیڑے بچے کی جائے پاخانہ پر خارش ہوتی ہے اور اس کی پرورش بھی ہوتی رہتی ہے۔ ماہرین طب نے بتایا کہ بچے عام طور پر مٹی کھاتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے پیٹ میں کیڑے ہو سکتے ہیں، پانی کے ذریعے بھی یہ کیڑے جسم کا حصہ بن سکتے ہیں، اس کے علاوہ صفائی کا خیال نہ رکھنے کی وجہ سے بھی پیٹ میں کیڑے ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک مرتبہ کسی بیرونی ذریعے سے یہ کیڑے جب جسم میں داخل ہو جائیں تو اس کے بعد یہ تیزی سے تقسیم ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور پیٹ میں اپنی تعداد بڑھانا شروع کر دیتے ہیں جس سے بچے خون کی کمی کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات اگر بچے کی قوت مدافعت مضبوط ہو۔ تو اس صورت میں یہ خود بخود بھی غائب ہو سکتے ہیں لیکن اس کا انحصار کیڑوں کی اقسام پر بھی ہوتا ہے۔ اگر پاخانے کے ساتھ خون یا پس آ رہی ہو، بار بار الٹی ہو رہی ہو۔ اور اس کے ساتھ بخار بھی ہو۔ اور جسم میں پانی کی کمی ہو رہی ہو۔ تو اس صورت میں فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کرنا بہتر ہے۔ یاد رکھیں، پیٹ کے کیڑوں کے لی مختلف قسم کے ٹوٹکوں کا استعمال اس بیماری کی شدت کو مذید بڑھا سکتا ہے اور اس کے خطرے کو بھی بڑھا دیتا ہے۔ اس وجہ سے اس حوالے سے ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق علاج ہی آپ کو اس سے بچا سکتا۔

چوہدری پرویز الٰہی...... محسن صحافت

تحریر:۔۔۔ عامر رفیق بٹ
ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈی جی پی آر

وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری محمد پرویز الٰہی نے حکومت پنجاب کا حلف اٹھاتے ہی پنجاب کے ادھورے منصوبوں پر کام شروع کر دیا۔ وزیر اعلی پنجاب اپنے حلف میں کیے گئے وعدوں کو پورا کرنے کے لیے پُر عزم ہیں۔ اور ان کاموں کو زیر غور رکھے ہوئے ہیں۔ جو اب تک مکمل نہیں ہوئے۔ اگر ہم وزیر اعلی چوہدری پرویز الٰہی کے گزشتہ منصوبوں کو یاد کرے تو یہ غلط نہ ہوگا کیونکہ انہوں نے اس سے پہلے دور حکومت میں وہ منصوبے بنائے جو عوام کی بہتری کے لیے تھے۔ ان منصوبوں میں بچوں کی تعلیم کا پروگرام جو آج تک کوئی حکومت نہیں کر سکی۔ انہوں نے بچوں کے لیے سکول میں میٹرک کی کتابیں مفت کر دی۔ جس کی وجہ سے ہر گھر کا بچہ بچہ تعلیم حاصل کرنے لگ گیا۔ اس کے بعد ریسکیو 1122 آپ کے دور حکومت میں متعارف کروائی گئی۔ تاکہ مریضوں کو لے جانے میں گھنٹوں کا سفر منٹوں میں ہو سکے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی جدیدیت کے فلسفے، دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے بین الاقوامی شہرت ملی۔ وزیر اعلی چوہدری پرویز الٰہی کے گزشتہ دور حکومت کے منصوبوں اور پروگراموں سے لوگ اتنے متاثر ہوگئے۔ کے اس دور حکومت میں وزیر اعلی کے طور پر منتخب ہوگئے۔ (2002) کے دور حکومت میں بہت سی انقلابی اقدامات کیے۔ جس میں پڑھا لکھا پنجاب، ریسکیو 1122، ٹریفک وارڈن سسٹم، انسٹیٹوٹ آف کارڈیالوجی اینڈ چلڈرن کمپلیکس کا قیام، آبپاشی کا نظام اور لاہور رنگ روڈ منصوبے ان کے نمایاں کارنامے ہیں۔ اور حال ہی میں وزیر اعلی نے صحافیوں کو ان کے حقوق دینے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ ہم میں سے ہر ایک اس حقیقت سے واقف ہے۔ کہ پاکستان بہت سی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ جس میں کئی لوگوں کی محنت شامل ہے۔ پاکستان کے سیاسی نظام پر بے شمار خاندان حاوی رہے۔ لیکن یہ سیاسی خاندان اپنے بندوں کو موقع دینے کا نظام چلا رہے تھے۔ لیکن وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اس دور حکومت میں صرف کام پر ہی زور دیا گیا۔ اور انہوں نے اتنے کم وقت میں ایک سے بڑھ کے ایک کام کیا اور منصوبے بنائیں۔ جس بات کا اندازہ ان کے اس دور حکومت سے لگایا جا سکتا ہے۔ کہ عوام نے پھر ان کا چناؤ ان کے کامیاب منصوبوں کی وجہ سے کیا۔ تاکہ وہ ان منصوبوں اور پروگراموں میں پھر کچھ نیا کریں اور جو منصوبے ادھورے رہے انہیں مکمل کریں۔ وزیر اعلی پنجاب نے ریسکیو 1122 جو کہ پاکستان کی پہلی تربیت یافتہ ایمرجنسی سروس ہے۔ اس کے عملے کا کام لوگوں کی زندگی بچانے اور مختلف حالات میں اپنی خدمات پیش کرنا ہے۔ اس کاوش کو مزید کامیاب کرنے میں حکومت پنجاب کی نمایاں خدمات پیش پیش ہیں۔ جس سے کوئی بھی لاعلم نہیں۔ وزیر اعلی پنجاب نے 1122 کو مزید وسیع پیمانے تک لے جانے کے لیے سروسز اکیڈمی میں صوبے کی تمام تحصیلوں میں ایمرجنسی سروس شروع ہونے پر منعقدہ تقریب میں ایمبولینس کی چابی ڈویژنل ایمرجنسی آف افسران کے حوالے کر دیں 1122 سروس کو صوبے کی تمام انتظامی سب ڈویژنوں، جنہیں تحصیلیں کہا جاتا ہے۔ ان میں توسیع کی منظوری دے دی۔ وزیر اعلی پنجاب پرویز الٰہی نے 1122 کے لیے سال کے آخر تک ایمرجنسی ریسکیو سروس کو مزید 86 سب ڈویژنوں میں شروع کیا جائے گا۔ حکومت پنجاب کے حکم سے موٹر بائیک ایمرجنسی سروس کو مزید 27 اضلاع تک بڑھایا جائے گا۔ وزیر اعلی پنجاب کا یہ منصوبہ تمام منصوبوں پر حاوی ہے اور اس میں نہ صرف ترقی کی بلکہ انسانیت کے حقوق پر بھی غور کیا گیا۔ اس کے بعد اگر ہم وزیر اعلی پنجاب چوہدری محمد پرویز الٰہی کے ایک اور منصوبے کی بات کریں جس میں صحافیوں کو ان کے حقوق دلوانا ہے۔ تو اس میں سب سے زیادہ توجہ اس دور حکومت میں دی گئی ہے۔ لاہور پریس کلب کی؟ گرانٹ 2 کروڑ روپے کرنے اور ان کو آئندہ بجٹ کا حصہ بنانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ لاہور پریس کلب کے عہدے داروں اور اراکین کے اعزاز میں تقریب سے خطاب کیا اور انہیں بھرپور اس بات کی یقین دہانی کروائی کہ وہ آئندہ بھی صحافیوں کو ان کے حقوق اور وہ پروگرام مکمل کرنے کی کوشش کریں گے جو پچھلی حکومتوں نے نظر انداز کر دیے تھے۔ لاہور پریس کلب کے صدر نے وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کو اہل صحافت کا حسن قرار دیا اور کہا کہ وزیر اعلی پنجاب نے ہمیشہ صحافیوں کو عزت اور احترام دیا۔ اسی کے ساتھ ساتھ وزیر اعلی پنجاب نے صحافی کالونی کے فیز 2 کا اعلان کیا جس پر صحافیوں نے بھرپور تالیاں بجائیں۔ وزیر پنجاب چوہدری محمد پرویز الٰہی نے فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کی سالانہ گرانٹ 5 لاکھ روپے سے بڑھا کر 10 لاکھ روپے کرنے کا اعلان کیا تو تقریب میں موجود فوٹو گرافرز میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ فوٹو گرافر نے مطالبہ حل ہونے پر اسوسی ایشن کے روح رواں اقبال چوہدری کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعلی پنجاب نے مزید کہا کہ جرنلسٹ سوسائٹی میں قبضہ مافیہ کے سدباب کے لئے پٹرولنگ پوسٹ قائم کرنے کا اعلان کیا جاتا ہے۔ وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے لاہور پریس کلب تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہاؤسنگ سوسائٹی کے انتقال کی بحالی کا بل متفقہ طور پر پنجاب اسمبلی میں پاس ہو گیا ہے۔ انتقال کی بحالی کا بل پاس ہونے سے کالونی کی قانونی حیثیت بحال ہو گئی ہے۔ اور تمام درپیش مسائل کو اعلی سطح پر حل کر لیا جائے گا۔ صحافی کالونی کے انتقال کی بحالی سے رو کے ہوئے تمام ترقیاتی کام ترجیحی بنیاد پر ہوں گے۔ جس سے تمام مکینوں کو فائدہ ہوگا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے خصوصی اس بات پر زور دیا کہ B بلاک کے الاٹ ممبران کو زیادہ فائدہ ہوگا کیونکہ صحافی کالونی کے انتقال کے اخراج کے باعث ان کو نہ صرف ان کے الاٹڈ پلاٹس پر قبضہ دینے میں دشواری تھی۔ بلکہ متبادل پلاٹس الاٹ کرنے میں بھی رکاوٹ تھی۔ جواب دور ہو گئی ہے۔ اور جلد ہی انہیں B بلاک میں ان کے پلاٹس پر قبضہ دے دیا جائے گا۔ اور جن پلاٹس پر ناجائز تعمیرات ہیں ان کے متبادل پلاٹ دیے جائیں گے۔ لاہور پریس کلب کے صدر اعظم چوہدری، سینئر نائب صدر سلمان قریشی، نائب صدر ناصرہ عتیق، سیکریٹری عبدالمجید ساجد، فنانس سیکرٹری حسنات اور دیگر اراکین این گورننگ باڈی نے صحافی کالونی کے انتقال کی بحالی پر وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صحافی کالونی کے انتقال کے اخراج کے باعث ممبران شدید پریشانی کا شکار تھے۔ لیکن آج صحافی دوست وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی خصوصی کاوش سے اس کا انتقال بحال ہو گیا ہے۔ جس کے لیے ہم ان کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔ انہوں نے صحافی کالونی کے انتقال کی بحالی کے لیے پنجاب اسمبلی میں بل پاس کرنے پر سپیکر پنجاب اسمبلی محمد سبطین خان، صوبائی وزیر قانون خرم شہزاد ورک کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعلی پنجاب کی میڈیا کوآرڈینیٹر اور لاہور پریس کلب کے ممبر اقبال چوہدری اور سابق ممبر گورننگ باڈی شاہد چوہدری اور کونسل ممبر علی اقبال کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا کردار قابل رشک ہے۔ انہوں نے دن رات تک و دو کر کے بل پاس کرانے میں اہم کردار ادا کیا۔

صبا قمر کے ساتھ کام کرنے کیلئے آدمی بھی بن سکتی ہوں، زارا نور

حال ہی میں زارا نور عباس نے نجی ٹی وی کے ایک پروگرام کی شرکت کی

نانی نظر پانی اور مرچوں سے اتارا کرتی تھیں

گھر میں ہرمل کو کوئلے پر جلا کر اس کی دھونی بھی دی جاتی ہے، دنانیر مبین



ماں بننے والی کھلاڑیوں کو اعتماد اور زیادہ سہولیات دیں، بسمہ معروف

ماں بننے کے بعد جتنی سپورٹ ملی سوچا بھی نہیں تھا، کپتان کی گفتگو

بابر اعظم کا پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں شکست پر مایوسی کا اظہار

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کی تیاری کے لیے بیٹنگ آرڈر کے مختلف کمبی نیشن آزما رہے ہیں



ہم اپنے اخلاقی اقدار سے دور ہوتے جا رہے ہیں' ثناء فخر

ہمارے سیاستدان عدم برداشت کو مزید بڑھاوا دے رہے ہیں' اداکارہ



صبور علی کے ڈرامے 'مشکل' کا سین مشکل میں پھنس

سفارش اور شارٹ کٹ کی ذاتی طور قائل نہیں ہوں

محنت سے حاصل کی گئی شہرت صدا آپ کے پاس خزانہ کی شکل میں موجود رہتی ہے، خوشبو

آصف محمود کی شاندار یارکر نے اسٹمپ کے دو ٹکڑے کر دیئے

خیبر پختونخوا کے عمران جونیئر کو کلین بولڈ کر کے اسٹمپ کے دو ٹکڑے ہو گئے

یمن کرکٹرز کو متحرک رکھنے اور ان کی حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے

پاکستان اور انگلینڈ کا ہونے والا پریکٹس سیشن منسوخ

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی (آج) بروز جمعرات کو کھیلا جائے گا

کرسٹیانو رونالڈو نے لیونل میسی کو سوشل میڈیا پر شکست دے دی

انسٹاگرام پر 481 ملین فالوورز اور لیونل میسی کے فالوورز کی تعداد 361 ملین ہے، رپورٹ



فلم 'ہے رام' میں بغیر میک اپ کام کیا، رانی مکھرجی کا انکشاف

فلم میں کام کر کے اندازہ ہوا بغیر میک اپ کے بھی سکرین پر آسکتے ہیں



گوتم گمبھیر نے بھارتی کرکٹ میں ہیرو کلچر کو تباہ کن قرار دے دیا

ڈریسنگ روم میں پہلے دھونی عفریت تھے اب کوہلی ہیں، سابق کرکٹر

میرے والد ہی میرے دیوتا ہیں، سنی دیول

اداکار سنی دیول نے اپنے والد دھرمیندر کی اداکاری کی تعریف کی

بقیہ 1

ستمبر، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک ای ایم ای کمپلکس، جھنگی، پی اینڈ ٹی ونی، اظہر آباد، سی ڈبلیو او، زرکون ہائیٹس، نیو کلیام، اولڈ کلیام، ایچ پی ٹی۔ III، انڈسٹریل، این ڈی سی۔ II، 1-10/3، پی ایچ اے۔ II-11/3-I، میٹرو، بحریہ یونیورسٹی، اے کیو خان، یو فون، علی مارکیٹ، مورت، شمس کالونی، گولڑہ، کے ایس مانیز، کچہری، پی ڈی خان، للہ ٹاؤن، احمد آباد، سنگھوئی، چوٹالہ، ڈھڈیال ایکسپریس، بشارت، سی ایس شاہ، مرید، پڑ پران، ویلی، اے ڈبلیو ٹی۔4، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، پسوال، سرائے خربوزہ، حسین آباد، احمد نگر، برہان، کوہسار ویلی، شفیع چوہان، مکس انڈسٹری، کوہستان انکلیوژ، کاشف گل، ماڈل ٹاؤن، خان آباد، منیر آباد، لالہ زار، لالہ رخ، انڈسٹریل اسٹیٹ، پورمیانہ، راشد منہاس، شاہیہ، نڑ ٹوپہ، مسلم ٹاؤن، دھرنال، سکھو، کوٹ شیرا، کوٹ گلہ، مصریال روڈ، امیر حمزہ، ریڈیو پاک، ملت آباد، پشاور روڈ، رینج روڈ، بھارہ کہو، این آئی ایچ، گالف سٹی، ٹی اینڈ ٹی، ٹریٹ، بھارہ کہو۔ II، اتفاق، مسلم آباد، گلزار شہید، قائد آباد، احسن آباد، پیرودھائی، باغ سرداراں، ڈھوک حسو، لوہی بھیر، یو سی روڈ، کورال فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 02:00 بجے تکھی سی، ٹی ڈی سی پی، ایم سی ایم، گھڑیال، کوہالہ، بارین، سنی بینک، اپر ٹوپہ، پتریاٹہ، کلڈانہ، پنڈی پوائنٹس، پی اے ایف فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا

عامر محمود
0311-5185882
فیاض احمد
0300-7817756

آیان

ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس

ہمارے ہاں، کھڑکیاں، دروازے، اٹالین کچن
الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا
ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے

ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

بیرون ملک سے امداد آرہی ہے، احسن اقبال

جھوٹے ریفرنس پر ہمارے خاندان ووٹرز کو ہراساں کیا گیا، آج نیب نے تسلیم کرلیا ہے کہ ریفرنس میں کرپشن کا کوئی ثبوت نہیں

میرے خلاف کیس عمران خان کی خواہش پر بنایا گیا، وہ ہماری آوازیں خاموش کروانا چاہتا تھا، وفاقی وزیر کی میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ نارووال اسپورٹس کمپلیکس کی تاخیر پر خرچ ہونے والی اضافی رقم عمران نیازی ادا کرے، جھوٹ سچ ثابت کرنے کیلئے کروڑوں روپے برباد کیے گئے۔ نارووال اسپورٹس سٹی کمپلیکس کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم پر مقدمے سے بری ہونے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ جھوٹے ریفرنس پر ہمارے خاندان ووٹرز کو ہراساں کیا گیا، میرے خلاف کیس عمران خان کی خواہش پر بنایا گیا، وہ ہماری آوازیں خاموش کروانا چاہتا تھا۔ انہوں نے چیئرمین نیب پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وہ کٹھ پتلی کا کردار ادا کر رہے ہیں، عدالت نے تسلیم کیا کہ نیب پولیٹیکل انجینئرنگ کر رہا ہے،

نواحی گاؤں دھنوآنہ کے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کا رزلٹ 50 فیصد

گورنمنٹ ہائی سکول بوائز کا رزلٹ 10 فیصد آیا، والدین سراپا احتجاج

شاہکوٹ (میاں داؤد) پنجاب میں کئی حکومتیں بدلیں لیکن نظام تعلیم بہتر نہ ہوسکا اس سال نویں جماعت کے طلباء کا رزلٹ آنے پر والدین میں تشویش نواحی گاؤں دھنوآنہ کے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کا رزلٹ 50 فیصد جبکہ گورنمنٹ ہائی سکول بوائز کا رزلٹ 10 فیصد آیا والدین سراپا احتجاج میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے والدین کا کہنا (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد/اسلام آباد کیپٹل پولیس کی جانب سے سٹی سکول کے طلباء وطالبات کے ساتھ ملکر ایف ایٹ ٹریفک ایکسچینج سگنل پر شہریوں کی روڈ سیفٹی پر پمفلٹ تقسیم کیے جا رہے ہیں

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری مرمت عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 22 (بقیہ نمبر 1)

صدر بیرونی پولیس نے ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کرنے والا ملزم کو قلیل وقت میں گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی پولیس نے ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کرنے والا ملزم کو قلیل وقت میں گرفتار کرلیا، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے فوری گرفتاری کا حکم دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کارروائی (بقیہ نمبر 2)

خیبر پختونخوا حکومت کا ڈرون ٹیکنالوجی متعارف کرانے کا فیصلہ

ڈرون ٹیکنالوجی سے پولیس کی آپریشنل اور تفتیشی صلاحیتوں میں بہتری آئے گی، وزیراعلیٰ محمود

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے پولیس، زراعت، معدنیات اور ریسکیو شعبوں میں ڈرون ٹیکنالوجی متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان نے منصوبے پر عملدرآمد کی منظوری دیدی ہے، پہلے مرحلے میں پولیس اور پی (بقیہ نمبر 5)

جلدی سوئیں، امراض قلب اور ذیابیطس سے بچیں، تحقیق

نیو یارک (مانیٹرنگ ڈیسک) رات کو دیر تک جاگنے والے افراد میں امراض قلب اور ذیابیطس کا خطرہ صبح جلد اٹھنے والوں کے مقابلے میں زیادہ ہوتا ہے۔ یہ بات امریکا میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی ہے۔ تحقیق میں بتایا گیا کہ ایسے افراد کے جسم کی چربی کو توانائی کے لیے گھلانے کی صلاحیت کم ہوتی ہے۔ اس کے مقابلے میں جو لوگ صبح جلد جاگتے ہیں، ان کے جسم توانائی کے لیے چربی پر زیادہ انحصار کرتے ہیں اور یہ افراد رات گئے تک جاگنے والوں کے مقابلے میں دن میں زیادہ متحرک بھی ہوتے ہیں۔

صوبائی حکومت فنی تعلیم کے فروغ کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے

ان خیالات کا اظہار عبدالغفار خان نے گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ برائے خواتین میں دورہ کے موقع پر کیا

ڈیرہ اسماعیل خان (محمد ریحان) مینجنگ ڈائریکٹر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی خیبر پختونخواہ کے پی ٹیوٹا (عبدالغفار خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت فنی تعلیم کے فروغ کیلئے محدود وسائل کے باوجود ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ سالانہ لاکھوں طلبا و طالبات مختلف ٹیکنالوجیز میں فنی تعلیم سے مستفید ہوکر باعزت روزگار کمارہے ہیں، ٹیکنیکل تعلیم کا مقصد نوجوان نسل کو نصاب تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر مند بنانا بھی ہے تاکہ فارغ التحصیل طلبہ مختلف شعبہ جات میں ملازمت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اپنا کاروبار بھی شروع کرسکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ) برائے خواتین (ڈیرہ اسماعیل خان میں دورہ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ادارے (بقیہ نمبر 6)

ڈیرہ اسماعیل خان، مینجنگ ڈائریکٹر (کے پی ٹیوٹا) عبدالغفار خان گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ کا دورہ کر رہے ہیں اس موقع پر ادارے کی پرنسپل سارہ خان ادارے کے مسائل سے آگاہ کر رہی ہیں

عمران نیازی کا عوام کو سستے دینا نہیں صرف اقتدار کی ہوس ہے

سستا آٹا مہنگا کر کے اسے ریلیف کہنا عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنا ہے، سابق وزیراعلیٰ پنجاب

پاکستان تحریک انصاف کی صوبائی حکومت اپنی غریب کش پالیسیوں پر چل پڑی ہے، حمزہ شہباز

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے غریب آدمی کے لئے شروع کی گئی سستا آٹا اسکیم بند کردی ہے، آٹے کا 10 کلو والا تھیلا جو ہم 490 روپے میں دے رہے تھے وہ اب 648 روپے میں ملے گا۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے اپنے بیان میں کہا کہ عوام کے پیٹ پر لات مارنے کو ریلیف کا نام دیا جارہا ہے۔ تحریک انصاف (بقیہ نمبر 3)

پیوٹن کا یوکرین کے محاذ پر اضافی فوج طلب کرنے کا فیصلہ

روسی صدر کی جوہری معاملات میں بلیک میلنگ پر مغرب کو بھی وارننگ

ماسکو (این این آئی) روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے مغربی ملکوں پر تنقید کرتے ہوئے روسی فوج کو متحرک رہنے کا حکم جاری کر دیا۔ غیر ملکی خبررساں ایجنسی کے مطابق ٹی وی خطاب کے دوران روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے کہا کہ مغرب روس کے خلاف نیوکلیئر بلیک میلنگ میں ملوث ہے اور روس کیخلاف جارحیت میں تمام حدیں کراس کر چکا ہے۔

جب تک پنجاب حکومت ریلیو نہیں کرتی چارج نہیں چھوڑوں گا

سی سی پی او نے 7 روز میں چارج نہ چھوڑا تو وفاق انہیں معطل کرسکتا ہے، ذرائع

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی، آئی جی پنجاب فیصل شاہکار اور سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر کے درمیان کشیدگی عروج پر پہنچ گئی، وفاق کے نوٹیفکیشن کے باوجود سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر نے چارج چھوڑنے سے انکار کردیا۔ سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں چارج نہیں چھوڑ رہا، جب تک پنجاب حکومت ریلیو نہیں کرے گی چارج نہیں چھوڑوں گا۔ ذرائع کے مطابق مریم اورنگزیب اور جاوید لطیف پر مقدمہ درج کرنے پر وفاقی حکومت نے سی سی پی او (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی، لیڈی منشیات فروش سمیت 2 ملزمان گرفتار، چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس نے لیڈی منشیات فروش سمیت 2 ملزمان گرفتار کرکے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے لیڈی منشیات فروش سمیت 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا، لیڈی منشیات فروش ثوبیہ نورین سے 01 کلو 50 گرام چرس، جبکہ ملزم یوسف سے 01 کلو 200 گرام چرس کی۔

پاکستانی سکولوں میں جانوروں کی فلاح و بہبود کا کورس کرایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) ملکی تاریخ میں پہلی بار اسکولوں میں جانوروں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے کورس متعارف کروایا جائیگا، ابتدا یہ کورس صرف اسلام آباد کے طلبہ کو پڑھایا جائے گا، جانوروں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے مذکورہ کورس جانوروں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا

پنجاب کے امور میں بے جا مداخلت سے معاملات خراب ہوسکتے ہیں

پولیس نے گھروں میں گھس کر چادر اور چاردیواری کا تقدس پامال کیا، میاں اسلم اقبال

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے کہا کہ گزشتہ روز وفاقی حکومت نے سی سی پی او لاہور کو صوبے کے چیف ایگزیکٹو کی مشاورت کے بغیر ریلیو کرنے کا لیٹر جاری کردیا، ہم اسے بالکل تسلیم نہیں کرتے اور پنجاب سے کسی افسر کو تبدیل کرنے سے پہلے پنجاب حکومت سے بات کرنا ہوگی۔ سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ آج ایک نوٹیفکیشن جاری ہوگا جس کے تحت وزیر اعلیٰ کی اجازت کے بغیر پنجاب سے کسی افسر کا تبادلہ نہیں ہوسکے گا۔ معاملات کو بہتر انداز میں چلانے کے لئے افسران کو کام کرنے دیا جائے۔ پنجاب کے امور میں بے جا مداخلت سے معاملات خراب ہوسکتے ہیں۔

راولپنڈی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) بنی پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم محمد وسیم کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم گزشتہ سال سے بنی پولیس کو مطلوب تھا۔ ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

عثمان قریشی ایڈووکیٹ کے مدلل دلائل، ملزم کی ضمانت منظور

تھانہ مندرہ اقدام قتل کیس کے ملزم ارسلان کی ضمانت بعداز گرفتار منظور

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے لائر عثمان قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے اقدام قتل کے مقدمہ کے ملزم ارسلان مشتاق کے مقدمہ پیروی کرتے ہوئے معزز عدالت کو ٹھوس دلائل دیے جن سے اتفاق کرتے ہوئے عدالت نے ملزم کی ضمانت بعداز گرفتاری منظور کر لی ملزم کی طرف سے مقدمہ کی پیروی معروف فوجداری وکیل عثمان قریشی ایڈووکیٹ نے کی تھانہ مندرہ میں درج مقدمہ کے مطابق ملزم ارسلان مشتاق پر دیگر ملزمان سے مل کر نواز آباد کے رہائشی محمد زبیر کو قتل کرنے کی نیت سے ٹانگ پر فائر مار کر زخمی کا الزام تھا (بقیہ نمبر 8)

صدر بیرونی کے علاقہ میں ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کے واقعہ پر سی پی او راولپنڈی کا نوٹس، ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی کے علاقہ میں ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کے واقعہ پر سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی فوری گرفتاری اور قانونی کارروائی کا حکم دیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی کے علاقہ میں ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کے واقعہ پر سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی فوری گرفتاری اور قانونی کارروائی کا حکم دیا، واقعہ کی اطلاع پر پولیس ٹیم فوری موقع پر پہنچی موقعہ سے شواہد اکٹھے کیے گئے ہیں، واقعہ میں ڈینگی ٹیم کا کوئی ممبر زخمی نہیں ہوا،

لاہور، ایک محنت کش خاتون سوڈا واٹر فروخت کرنے کے لئے بیٹھی ہے

لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور میاں ذکراللہ مجاہد منصورہ میں سیلاب متاثرین کیلئے بھجوائے جانے والے امدادی سامان کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اکیسویں سالانہ عظیم الشان محفل نور کی برسات آج منعقد ہوگی

محفل میں ملک پاکستان کے نامور نعت خواں و خطیب شرکت کریں گے

حبیب آباد (رشید احمد نعیم) اکیسویں سالانہ عظیم الشان فقید المثال محفل نور کی برسات آج منعقد ہوگی محفل میں ملک پاکستان کے نامور نعت خواں و خطیب شرکت کریں گے، محبان اسلام سے بھرپور شرکت کی استدعا۔ تفصیلات کے مطابق حبیب آباد کے نواحی گاؤں 17 ون اے ایل میں اکیسویں سالانہ عظیم الشان محفل نور کی برسات آج بعد نماز عشاء (بقیہ نمبر 9)

سیلاب متاثرہ خاندانوں میں پچیس ہزار روپے فی خاندان تقسیم

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ہیڈ کوارٹر میں ایک کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) فلڈ ریلیف کیش اسسٹینس کے تحت بلوچستان، سندھ، خیبر پختونخوا اور پنجاب کے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو 25000 روپے فی خاندان فراہم کیے جا رہے ہیں۔ بلوچستان میں سیلاب سے متاثرہ 133,842 خاندانوں کو 3,346,050,000 روپے مل چکے ہیں۔ سندھ میں 715,564 (بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی، پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن

49 بھکاریوں کو گرفتار کرکے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 49 بھکاری گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کے احکامات پر انچارجز بیگر اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے، 49 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا۔ سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ خصوصی بیگر سکواڈ بھرپور محنت کر رہا ہے، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہوکر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے، عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی

سرگودھا، کمپنی باغ میں خواتین کیلئے پہلے لیڈیز پارک کا افتتاح کردیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کے کمپنی باغ میں خواتین کیلئے پہلے لیڈیز پارک کا افتتاح کر دیا گیا۔ سرگودھا کے مطابق سرگودھا شہر کے کمپنی باغ کے جوائے لینڈ کو خواتین پارک میں تبدیل کرنے کا کام مکمل ہونے پر اس کی افتتاحی تقریب میں کمشنر مریم خان نے شہر کے پہلے لیڈیز پارک کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کردیا۔ اس موقع پر کمشنر مریم خان نے کہا کہ معاشرہ میں خواتین اور بچوں (بقیہ نمبر 11)

چیئرمین پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر جعلسازوں کیخلاف فوڈ سیفٹی ٹیمیں ان ایکشن

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پنجاب فوڈ اتھارٹی علی رضا خاکوانی کی ہدایت پر جعلسازوں کیخلاف فوڈ سیفٹی ٹیمیں ان ایکشن ہیں۔ تفصیلات کے مطابق مسافروں کو معیاری خوراک کی فراہمی کیلئے موٹروے اسکواڈ فیلڈ میں بھرپور متحرک ہے۔ موٹروے اسکواڈ کیجانب سے چکری سروس ایریا میں کارروائی کے دوران معروف مارٹ سے بھاری مقدار میں ممنوعہ انرجی ڈرنکس برآمد کرلی گئیں

بھارتی ایئر فورس کا ابھینندن کو قبل از وقت ریٹائر کرنے کا فیصلہ

ابھی نندن کی ریٹائرمنٹ سے متعلق فیصلے کی خبر بھارتی ویب سائٹ ہندوستان ٹائمز نے شیئر کی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ایئر فورس نے پاکستان پر حملے کے دوران لڑاکا طیارے کے گرنے اور زخمی حالت میں گرفتار ہونے والے ونگ کمانڈر ابھینندن کو وقت سے پہلے ریٹائرمنٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ابھینندن کی ریٹائرمنٹ سے متعلق فیصلے کی خبر بھارتی ویب سائٹ ہندوستان ٹائمز نے شیئر کی۔ بھارتی ایئر فورس کا یہ فیصلہ 27 فروری 2019 میں ابھینندن (اس وقت کے ونگ کمانڈر اور حالیہ گروپ کیپٹن) کا طیارہ پاکستان میں گرنے اور بعدازاں ان کے پکڑے جانے کے 3 سال بعد سامنے آیا ہے۔

بجلی کا بل 13 لاکھ روپے، بھارتی شہری صدمے میں مبتلا

محکمہ بجلی نے غلطی تسلیم کرلی، اضافی ایک صفر لگنے سے اتنا بل آیا، درست کردیا، گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) بجلی آئے یا نہ آئے لیکن بجلی کا بل لاکھوں میں آسکتا ہے آپ تیار رہیں، بھارت میں ایک ٹی وی مکینک کو تقریبا 13 لاکھ بجلی کا بل موصول ہوا۔ سارا وانن نامی ٹی وی مکینک اس وقت حیران رہ گیا جب محکمہ ای بی نے جولائی کے مہینے کا 12,91,845 روپے کا بل بھجوا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی ریاست پڈوچیری کے وشوانا تھن نگر کا رہائشی نے بتایا کہ اس کی پچھلی ریڈنگ 20,630 تھی جبکہ اس کے بل میں موجودہ ریڈنگ 2,11,150 دی گئی تھی۔ اس لحاظ سے وشوانا تھن نگر نے جولائی (بقیہ نمبر 12)

قیدی پر تشدد، چیف جسٹس اطہر عمل درآمد نہ ہونے پر وزارت انسانی حقوق پر برہم

وزارت انسانی حقوق اور انسانی حقوق کمیشن کے نمائندے کو اڈیالہ جیل کا دورہ کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ اطہر من اللہ اڈیالہ جیل میں قیدی پر مبینہ تشدد کی شکایت کے کیس کی سماعت کے دوران عدالتی فیصلے پر عمل درآمد نہ ہونے پر وزارت انسانی حقوق پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وزارت انسانی حقوق اور انسانی حقوق کمیشن کے نمائندے کو اڈیالہ جیل کا دورہ کرنے کا حکم دیدیا۔ بدھ کو چیف جسٹس اطہر من اللہ نے وزارت انسانی حقوق کے حکام کو حکم دیا کہ میڈیکل ٹیم سے قیدی کا چیک اپ کرائیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے قیدی کے طبی معائنے کی رپورٹ (بقیہ نمبر 13)

راولپنڈی، پنجاب آرٹس کونسل میں بشارت جعفری کا لکھا ہوا اصلاحی ڈرامہ پیش کیا جا رہا ہے

ساہیوال، سنٹرل جیل سزائے موت کے قیدی کو نماز کی ادائیگی کے دوران قتل کردیا گیا

ساہیوال (این این آئی) سنٹرل جیل ساہیوال میں سزائے موت کے قیدی قربان کو گلے میں ازار بند سے پھانسی دیکر ہلاک کردیا جبکہ چھڑوانے والے قیدی عباس کو کاٹ کھایا گیا۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 15)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 10 ملزمان گرفتار، اسلحہ، آہنی مکہ اور خنجر برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 10 ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ معہ ایمونیشن، آہنی مکہ اور خنجر برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے ملزم ناصر سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم فیاض سے آہنی مکہ، (بقیہ نمبر 14)

ایس پی ہیڈ کوارٹرز کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

بہترین سروس ڈیلیوری کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا، طارق محبوب

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی ہیڈ کوارٹرز طارق محبوب کی سی پی او آفس میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی ہیڈ کوارٹرز طارق محبوب نے سی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے احکامات جاری کیے، مارک کردہ (بقیہ نمبر 16)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

صوابی کی تاریخ میں پہلی بار تھیلیسیمیا آگاہی ہفتہ منایا گیا

ہفتہ وار مہم اسلامک سٹی ویلفیئر ٹرسٹ اور بلڈ چین پاکستان کے نگرانی میں ہوا

آگاہی ہفتے میں آگاہی اشتہارات، سیمینارز، تربیتی سیشنز، واک اور بلڈ کیمپس منعقد ہوئیں

صوابی (نمائندہ خصوصی) خیبر پختونخواہ کے ضلع صوابی کی تاریخ میں پہلی بار تھیلیسیمیا کی آگاہی کے حوالے سے خصوصی ہفتہ منایا گیا جس کی نگرانی اسلامک سٹی ویلفیئر ٹرسٹ اور بلڈ چین پاکستان نے کی۔ کامیاب ہفتہ وار آگاہی مہم کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مہم کے نگران سماجی کارکن آصف علی یعقوبی نے کہا کہ اس مہم میں چار بڑے تعلیمی اداروں کے 200 سے زیادہ طلباء کو تھیلیسیمیا (بقیہ نمبر 17)

ایک کروڑ روپے تاوان کیلئے چچا بھتیجا اغوا، تحقیقات میں اہم انکشافات

چچا بھتیجا کو اغوا کرنے کی واردات سندھ کے علاقے گھوٹکی سے آپریٹ کرنے والے گروہ کی جانب سے کی گئی

لاہور (این این آئی) ایک کروڑ روپے تاوان کے لیے چچا بھتیجا کے اغوا کی واردات کی تحقیقات کے دوران اہم انکشافات سامنے آئے ہیں۔ پولیس کے مطابق چچا بھتیجا کو ایک کروڑ روپے تاوان کی غرض سے اغوا کرنے کی واردات سندھ کے علاقے (بقیہ نمبر 18)

احسن اقبال کیخلاف نارووال اسپورٹس سٹی کمپلیکس ریفرنس خارج

کیا یہ سیاسی انجینئرنگ کا بہترین کیس نہیں؟ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی وزیر احسن اقبال کے خلاف نارووال اسپورٹس سٹی کمپلیکس کا ریفرنس خارج کر دیا۔ بدھ کو چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ اطہر من اللہ نے احسن اقبال کے خلاف نارووال اسپورٹس سٹی کمپلیکس خارج (بقیہ نمبر 19)

صوبائی وزیر بلدیات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل میمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

راولپنڈی، 15 کال پر فوری رسپانس، موٹر سائیکل چوری گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ایئرپورٹ پولیس کا 15 کال پر فوری رسپانس، موٹر سائیکل چوری کی کال پر کوئیک رسپانس کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ پولیس کو 15 کال پر کال موصول ہوئی کہ برما شیل سے موٹر سائیکل چوری ہوگیا ہے، ایس ایچ او ایئرپورٹ اور ٹیم نے (بقیہ نمبر 22)

لاہور، خواتین کی ویڈیوز بنانے والا ٹریفک کانسٹیبل نوکری سے برخاست

لاہور (این این آئی) سی ٹی او لاہور منتظر مہدی نے خواتین کی ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا پر اپلوڈ کرنے والے کانسٹیبل کو نوکری سے فارغ کردیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق سی ٹی او لاہور نے خواتین کے ساتھ بدسلوکی کرنے والے کانسٹیبل کی شکایت پر رونگ ایکشن لیتے ہوئے کانسٹیبل عمران کو نوکری سے برخاست کردیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کا کہنا ہے کہ ٹریفک کانسٹیبل خواتین کی ویڈیوز بنا کر ٹک ٹاک پر اپلوڈ کرتا تھا، جس کی شکایت موصول (بقیہ نمبر 23)

مزدوروں کے مسائل فوری حل کیے جائیں گے، ساجد حسین طوری

ورکرز ویلفیئر فنڈ، ای او بی آئی، سوشل سیکورٹی اور کم از کم اجرت سمیت مسائل سے مزدور سخت بے چینی کا شکار ہیں۔ چوہدری محمد یسین

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان ورکرز فیڈریشن (PWF) کے جنرل سیکرٹری اور سی ڈی اے مزدور یونین کے قائد چوہدری محمد یسین نے وفد کے ہمراہ وفاقی وزیر برائے وزارت انسانی وسائل و سمندر پار پاکستانی ساجد حسین طوری سے ملک بھر کے مزدوروں کے مسائل کے حوالے سے ملاقات کی۔ وفد میں سی ڈی اے مزدور یونین کے سپریم ہیڈ صوفی محمود علی، پاکستان ورکرز فیڈریشن (بقیہ نمبر 20)

پاکستان ورکرز فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یاسین ملک بھر کے مزدوروں کے مسائل کے حوالے سے وفاقی وزیر برائے انسانی وسائل و سمندر پار پاکستانی ساجد حسین طوری کے ساتھ وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اور آسٹریلیا اپنے باہمی تعلقات کو مزید مضبوط کریں گے، پریذیڈنٹ CASS ایئر مارشل ریٹائرڈ فرحت حسین خان

موسمیاتی تبدیلی ایک عالمی مسئلہ ہے، آسٹریلوی ہائی کمشنر

موسمیاتی تبدیلی سے لاحق مہلک خطرات سیکورٹی کی روایتی سمجھ کو تبدیل کردیں گے، آسٹریلوی ہائی کمشنر جناب نیل ہاکن

سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی دادرسی کے لیے اٹھائے جانے والے حکومتی اقدامات اور مسلح افواج کی کاوشوں لائق تحسین ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) موسمیاتی تبدیلی سے لاحق مہلک خطرات سیکورٹی کی روایتی سمجھ کو تبدیل کردیں گے، ان خیالات کا اظہار پاکستان میں تعینات آسٹریلوی ہائی کمشنر جناب نیل ہاکن نے سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز CASS کے منعقد کردہ سفارتی لیکچر سیریز بموضوع "آسٹریلیا: بدلتا ہوا بین الاقوامی منظر نامہ اور پاکستان سے تعلقات" میں کیا۔ ہائی کمشنر ہاکن، (بقیہ نمبر 21)

آسٹریلوی ہائی کمشنر جناب نیل ہاکن سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز میں منعقدہ سفارتی لیکچر سیریز بموضوع "آسٹریلیا: بدلتا ہوا بین الاقوامی منظر نامہ اور پاکستان سے تعلقات" سے خطاب کر رہے ہیں، دوسری جانب آسٹریلوی ہائی کمشنر کو شیلڈ پیش کی جا رہی ہے